رفیق احمد نقش علمی وادبی شخصیت تھے، ان کے حوالہ سے ڈاکٹر ذوالفقار صاحب نے یہ مجموعہ نمبر شائع کیا ہے، پہلے ان کی شخصیت پر مضامین جمع کئے ہیں، پھر ان کی غزلیات، نظمیں، افسانے اور مضامین وخطوطات جمع کر دیئے ہیں۔

رفیق صاحب کی خدمات کو اس سے زیادہ بہتر انداز میں خراج عقیدت نہیں پیش کیا جاسکتا ہے، ڈاکٹر ذوالفقار صاحب ماشاء اللہ بہت فعال اور محنتی شخص ہیں، اللہ تعالیٰ مزید خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

کتاب کا نام: مکی دور میں مخالفین اسلام کا طرز عمل
مصنف: پروفیسر ڈاکٹر محمد رفیق
ناشر: دارالشعور، مزنگ روڈ، لاہور
قیمت وصفحات: درج نہیں، ۴۱۶ صفحات

ڈاکٹر رفیق صاحب نے بہت محنت کے ساتھ مکی دور کا مدلل انداز سے احاطہ کیا ہے، آج کے پرآشوب دور کے لئے اس دور کا مطالعہ بہت رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

کتاب کو پانچ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔

پہلا اور دوسرا باب: ''قدیم اقوام کے منفی کردار'' کی نشاندہی کرتا ہے اور حق سے فرار کے لئے جو رویئے اپنائے گئے ان کی نشاندہی کرتا ہے۔

باب سوم میں ''آپ ﷺ کی حکمت عملی'' کی نشاندہی کی گئی ہے۔

باب چہارم وپنجم میں: ''اسلام کے خلاف پروپیگنڈے کے اسلوب'' کی نشاندہی اور جوابات پر روشنی ڈالی گئی ہے، آخر میں نتائج واثرات سے بحث کی ہے اور مصادر ومراجع کی فہرست منسلک ہے۔

یہ کتاب صوبائی وقومی سطح پر صدارتی سیرت ایوارڈ کے لئے منتخب ہو چکی ہے، اور مصنف انعام کے طور پر عمرہ کی سعادت حاصل کر چکے ہیں، مجھے بھی آپ کے ہمراہ یہ اعزاز حاصل کرنے کا موقع ملا ہے۔

کتاب کا نام: سیرت النبی ﷺ قرآنی واقعات کی روشنی میں
مصنف: پروفیسر ریاض الدین ربانی۔ نظر ثانی: پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی
ناشر: ادارہ دعوت وتبلیغ، قرآن محل، دکان نمبر ۶، اردو بازار، کراچی
قیمت وصفحات: درج نہیں ۲۲۴ صفحات

پروفیسر ریاض الدین ربانی صاحب سابق پرنسپل پریمیئر کالج کسی تعارف کے محتاج نہیں، ہمہ